IMMIGRANT WOMEN'S INFORMATION NETWORK

جنوبی ایشیائی بزرگ خواتین کے لئے معلوماتی گائیڈ بُک

# رقم کے انتظام بارے گائیڈ بُک

اپنے پیسوں کو محفوظ طریقے سے سنبھالنا سکھانے کے لیے ایک رہنما کتابچہ



2026

www.iwinca.ca



## یاد رکھیں: آپ اکیلی نہیں ہیں

روپئےپیسوں کا انتظام و انصرام عمر کے کسی بھی حصے میں سیکھا جا سکتا ہے۔ نئی چیزیں اور مہارتیں سیکھنے میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔ آپ بآسانی تھوڑی محنت اور کوشش کے ساتھ انہیں سیکھ سکتی ہیں اور سیکھنے کا یہ عمل آپ کی آئندہ زندگی میں اہم کردار ادا کر سکتا ہےاور یاد رکھیں کہ چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں وقت کے ساتھ آپ کی زندگی میں بڑا فرق لا نے کا باعث بن سکتی ہیں۔

# مندرجات


## خوش آمدید اور اس گائیڈبُک کے استعمال کا طریقہ

اس گائیڈ میں آپ کو کیا ملے گا- مالی معاملات

**مالی معاملات**

## آمدن اور حکومتی مراعات بارے جانکاری

بجٹ بنانے کی بنیادی باتیں

اولڈ ایج سیکیورٹی (OAS) بینیفٹس کا تخمینہ

حکومت کے کون سے پروگرام دستیاب ہیں؟

بجٹ پلانر

## بچت،اکاونٹ سے رقم نکالنا اور ہنگامی صورتِ حال

پیشگی منصوبہ بندی

## بچت، قرض اور ہنگامی حالات

پہلے سے منصوبہ بندی

## اصطلاحات




## دستبرداری

ہ گائیڈبُک آپ کو مالی معاملات کے انتظام و انصرام سے متعارف کرواتی ہے۔اہم مالی فیصلے کرنے سے قبل نہ صرف خود تحقیق کریں بلکہ مالی معاملات کے ماہرین سے بھی مشاورت کرلیں۔مالی معلومات کی خود بھی تصدیق کر لیں کیونکہ وقت کے ساتھ اِن میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔

# تعارف

میجنگ منی گائیڈ  میں خوش آمدید: یہ جنوب ایشیائی بزرگوں کے لیے ایک رہنما کتابچہ ہے۔ ایمیگرنٹ ویمنز انفارمیشن نیٹ ورک  گائیڈ آپ کو اپنے پیسوں کا محفوظ طریقے سے انتظام سکھانے کے لیے تیار کی ہے۔

یہ گائیڈ آپ کو ایسے چھوٹے اور عملی اقدامات اٹھانے میں مدد کے لیے بنائی گئی ہے جو حقیقت میں ایک نمایاں تبدیلی لا سکیں۔
آپ سیکھیں گے کہ:

- سمجھیں کہ آپ کا پیسہ کہاں جا رہا ہے۔
- بلوں اور ہنگامی حالات کے لیے منصوبہ بندی کریں۔
- دھوکہ دہی کو پہچانیں اور اپنی حفاظت کریں۔
- وہ امداد اور فوائد تلاش کریں جو آپ کے لیے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

آپ کو سب کچھ ایک ساتھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایک صفحے اور ایک قدم سے آغاز کریں، اور وہاں سے آگے بڑھیں۔

اس گائیڈبُک کی مدد سے آپ یہ بھی سیکھیں گی کہ آپ کی رقم کہاں خرچ ہو رہی ہے؟بلوں کی ادائیگی کیسے ہو یاپھر کسی ہنگامی صورتِحال کے لئے پیشگی تیاری۔ نیز تمام مالی معاملات کی انجام دہی میں خودکو فراڈ وغیرہ سے بھی محفوظ رکھنا تاہم اگر کسی ایسی صورتِ حال کا سامنا ہو بھی جائے تو آپ کوبخوبی علم ہو کہ معاونت کہاں سےحاصل کی جا سکتی ہے؟ نیزدستیاب حکومتی مراعات سے کس طرح مستفید ہوسکتی ہیں؟



## اس گائیڈبُک میں آپ کے لئے کیا ہے؟


1 ۔ ذاتی مالی انتظام کی اہمیت
2 دھوکہ دہی اور فراڈ کو سمجھنا
3 اپنے مالی معاملات کا انتظام

# مالی معاملات

**روپیہ پیسہ نہ صرف زندگی کی بنیادی ضروریات و خواہشات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے بلکہ اپنے بارے فیصلے کرنے کی آزادی بھی مہیا کرتا ہے نتیجتاً آپ زیادہ محفوظ اور پُراعتماد محسوس کر تی ہیں۔**

بڑھاپے کے سفر میں اپنی جمع پونجی ہونا بہت اطمینان کا باعث ہوتاہے۔ خواہ یہ آمدنی کام، ملازمت، کاروبار، ذاتی بچت، سرمایہ کاری کے منافع، سرکاری مراعات یا معاونتی پروگراموں سے حاصل ہو۔ اس بات کی تسلی ہونا کہ آپ کے پاس کچھ اپنی رقم محفوظ ہے؛ آپ کو اپنی مرضی کے مطابق زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

عمر میں اضافے کے ساتھ آپ کو مدد کے لیے دوسروں پر انحصار کرنا پڑتا ہے اور ہر گذرتے وقت کے ساتھ اس میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے ۔ یہ اندازہ ہو نا کہ اپنا خیال رکھنے میں روپیہ پیسہ کس طرح آپ کے لئے مفید ثابت ہوسکتاہےتو دوسروں پر انحصار کرنے کی بجائے اپنا خیال خود رکھ سکتی ہیں۔




اپنی جمع پونجی موجود ہونا اوراس کے استعمال بارے خود فیصلے کرنا آپ کوخودمختار بناتا ہے۔سودا سلف خریدنے یا بل ادا کرنے کے لیے کسی دوسرے کی محتاجی کی بجائےآپ خود اخراجات کے بارے فیصلہ کرسکتی ہیں۔

**اگر گھر کے مالی معاملات کسی اور فرد کے کنٹرول میں بھی ہوں، تو ایسے میں اپنی رقم کی موجود گی آپ کی ذاتی حفاظت اور سیکیورٹی کو یقینی بناتی ہے۔**

اپنی مالی منصوبہ بندی شروع کرنے کے لیے آپ کو صرف ایک قلم اور کاغذ کے ٹکڑے کی ضرورت ہے۔ تاہم، آپ کے مالی معاملات کو مزید بہتر طریقے سے سنبھالنے میں مدد کے لیے بہترین ویب سائٹس بھی دستیاب ہیں۔ اضافی ڈیجیٹل ٹولز اور تجاویز کے لیے، پوری گائیڈ میں اس آئیکن پر نظر رکھیں۔



آپ کو اس گائیڈ کے ساتھ استعمال کرنے کے لیے ایک ٹول کٹ فولڈر بھی ملے گا، جہاں آپ اپنے نوٹس، معلومات اور اہم دستاویزات کو ایک جگہ محفوظ رکھ سکتی ہیں۔



# آمدنی اورحکومتی مراعات کو سمجھنا

اگلے صفحے پر اولڈ ایج سیکیورٹی تخمینہ کار کے لیے مرحلہ وار گائیڈ دی گئی ہے، جو آپ کے فوائد کا آسانی سے حساب لگانے اور مستقبل کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے میں مدد کے لیے بنائی گئی ہے۔

کینیڈا کی حکومت نہ صرف بزرگ افراد کے لیے آمدنی کی مدّ میں مختلف طرح سے معاونت کرتی ہے بلکہ اُن کے فائدے کے لئے مختلف خدمات ,سروسز بھی فراہم کرتی ہے تاکہ وہ زیادہ آرام دہ زندگی بسر کر سکیں۔ گائیڈ بُک کے اس حصے میں بتایا جائے گا کہ آپ کس قسم کی مالی معاونت کے اہل ہو سکتے ہیں ؟ تاہم اگر آپ یہ نہیں جانتے کہ آغاز کس طرح اورکہاں سے کریں، تو گائیڈ بُک کا یہ حصہ آپ کے لئے نہایت اہم ہے کیونکہ اس حصے میں مالی معاونت کی درخواست دینے کے طریقے کے بارے بتایا جائے گا۔



## آمدنی میں معاونت کیا ہے؟

حکومتِ کینیڈا بزرگ شہریوں کو مختلف اقسام کی مالی معاونت فراہم کرتی ہے۔ یہ معاونت ماہانہ ادائیگی کی صورت میں بھی ہو سکتی ہے ؛کرایہ، خوراک و ادویات کی مدّمیں بھی۔ حکومتی معاونت آپ کی عمر، ملازمت کی مدت اور یکارڈ اور کئی دیگر عوامل پر منحصر ہوتی ہے۔

## کینیڈا میں بزرگوں کے لیے رقم کے اہم ذرائع درج ذیل ہیں:

- اولڈایج سیکیورٹی (OAS)
- گارنٹیڈ انکم سپلیمنٹ (GIS)
- ینیڈا پنشن پلان (CPP)
- غیر ملکی پنشن(اگر آپ نے کسی اور ملک میں کام کیا ہو )
- گھر یا کرایہ کی ادائیگی (صوبائی پروگرام)

# اولڈ ایج سیکیورٹی بینیفٹس کا تخمینہ کار




**یہ آن لائن کیلکولیٹر آپ کو اولڈ ایج سیکیورٹی بینیفٹس کا تخمینہ فراہم کرتا ہے**

ویب سائٹ ہر مرحلے پر آپ کی رہنمائی کرے گی۔ آپ اپنی ازدواجی حیثیت، عمر، آمدنی، اور آپ کتنے عرصے سے کینیڈا میں مقیم ہیں، اس بارے میں چند سادہ سوالات کے جواب دیں گے۔

ویب سائٹ کی رہنمائی میں نیچے دیے گئے لنک کے ذریعے اندازہ لگائیں کہ آپ کو اولڈ ایج سیکیورٹی سے کتنی رقم مل سکتی ہے؟

**Click Here**

**اہم: یہ صرف ایک تخمینہ ہے۔ آپ کی حتمی رقم کی تصدیق تب ہوگی جب آپ درخواست دیں گے۔**


Old Age Security Benefits Estimator

## Step 1 of 4: Marital status

**What is your marital status?** (required)

▸ Which option applies to you?

- ◯ Single, divorced or separated
- ◯ Married or common-law
- ◯ Widowed

Next

Note: Please navigate using the "Previous" and "Next" buttons. Using your browser's navigation buttons is not recommended.

**وہ آپشن منتخب کریں جو آپ سے مطابقت رکھتا ہو:**

غیر شادی شدہ / طلاق یافتہ / علیحدگی اختیار کردہ = شریکِ حیات یا پارٹنر کے بغیر رہنا

- شادی شدہ یا کامن لاء = آپ کا شریکِ حیات یا پارٹنر ہے
- بیوہ / رنڈوا = آپ کے شریکِ حیات یا پارٹنر کا انتقال ہو چکا ہے

**ہم یہاں مثال کے طور پر صرف پہلا مرحلہ (Step 1) دکھا رہے ہیں۔**
**اس کے بعد، ویب سائٹ باقی مراحل میں آپ کی رہنمائی کرے گی۔**

**اشاروں پر عمل کریں اور "Next" پر کلک کریں۔**

# دستیاب حکومتی پروگرام

## اولڈ ایج سیکیورٹی (پروگرام) کیا ہے؟ گارنٹڈ انکم

کینیڈا کی حکومت کی جانب سے 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے اکثر لوگوں کے لیے ایک ماہانہ ادائیگی ہے۔

**:کون حاصل کر سکتا ہے**

- آپ کی عمر 65 سال یا اس سے زیادہ ہو۔
- آپ کینیڈا کے شہری یا مستقل رہائشی ہوں۔
- آپ نے 18 سال کی عمر کے بعد کم از کم 10 سال کینیڈا میں گزارے ہوں۔

**:درخواست دینے کا طریقہ**

- زیادہ تر کیسز میں ۶۵ سال کی عمر سے آپ کو یہ رقم خودبخود ملنا شروع ہو جاتی ہے لیکن اگر کسی وجہ سے ایسا نہ ہو تو آپ آن لائن یا
- ڈاک کے ذریعے فارم
ISP-ISP-3550
- پُر کر کے بھیج دیں ۔

درخواست سے جمع کروانے سے قبل شناختی دستاویزات جیسے کہ پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس یا اونٹاریو کی شناختی تصویر، امیگریشن کے کاغذات اور اپنے ایڈریس کا ثبوت تیار رکھیں۔ ایڈریس کا ثبوت حکومت یا کسی تنظیم کی جانب سے وصول کردہ کوئی خط ہو سکتا؛ جیسے کہ یوٹیلیٹی بل، کینیڈا ریونیو ایجنسی کا خط یا پراپرٹی ٹیکس تاکہ ثابت ہو سکے کہ آپ اسی صوبے میں رہائش پذیر ہیں۔

**:کتنی رقم ملے گی**

- سے ماہانہ 700$ سے 750$ تک حاصل کر سکتے ہیں، تاہم اس کا دارومدار آپ کے حالات پر ہے۔

**کارآمد مشورہ**

اگر آپ تھوڑی زیادہ ادائیگیاں حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کی وصولی میں 70 سال کی عمر تک تاخیر کر سکتے ہیں، تاہم زیادہ تر بزرگ 65 سال کی عمر سے ہی اسے وصول کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

## فارن پنشن

اگر آپ نے کینیڈا کے علاوہ کسی دوسرے ملک میں بھی کام کیا ہے، تو آپ غیر ملکی پینشن حاصل کرنے کے اہل ہو سکتی ہیں۔ آپ دونوں ممالک کے کام کے سالوں کو یکجا بھی کر سکتی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کینیڈا نے بہت سے ممالک کے ساتھ سماجی تحفظ کے بین الاقوامی معاہدے کر رکھے ہیں۔ یہ معاہدے آپ کے کسی دوسرے ملک میں کام کے برسوں کو آپ کی میں شامل کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

- چیک کرنے کے لیے: یہاں کلک کریں
- یا سروس کینیڈا (Service Canada) کو اس نمبر پر کال کریں: 1-800-277-9914



## کینیڈا پنشن پلان

### کینیڈا پنشن پلان کیا ہے؟

کینیڈا میں رہ کر کام، ملازمت کرنے والے افراد اپنی آمدن سے اس پروگرام میں اپنا حصہ ڈالتے رہتے ہیں اور جب وہ بڑھاپے میں پہنچتے ہیں تو فوائد حاصل کرتے ہیں۔

### کون حاصل کر سکتا ہے:

- آپ نے کینیڈا میں کام کیا ہو اور میں حصہ ڈالا ہو۔
- آپ کی عمر کم از کم 60 سال ہو۔

### درخواست کا طریقہ کار کیا ہے؟

- CPP کی ادائیگیاں حاصل کرنے کے لیے، آپ کو اپنے 'مائی سروس کینیڈا اکاؤنٹ' کے ذریعے آن لائن یا کاغذی فارم کے ذریعے درخواست دینا ہوگی۔ آپ 60 سال کی عمر
- سے اپنی CPP ادائیگیاں حاصل کرنا شروع کر سکتے ہیں، لیکن 65 یا 70 سال کی عمر تک انتظار کرنے سے آپ کو زیادہ رقم ملے گی۔

### کتنی رقم حاصل کی جا سکتی ہے؟

اس پروگرام کی مد میں حاصل شدہ آمدن پر ٹیکس لاگو ہوتا ہے نیز آمدن کا انحصار آ کے کام، ملازمت کی مدت، اور کام کی نوعیت پر ہوتا ہے۔

## گارنٹیڈ انکم سپلیمنٹ

## گارنٹیڈ انکم سپلیمنٹ(پروگرام) کیا ہے؟

وہ بزرگ افراد جو پہلے ہی اولڈ ایج سیکورٹی کی رقم حاصل کر رہے ہیں لیکن انہیں مزید اضافی معاونت کی ضرورت ہوتو انہیں اس پروگرام سے حکومتی معاونت مہیا کی جاتی ہے۔

### کون حاصل کر سکتا ہے:

- آپ کینیڈا میں رہتی ہوں۔
- آپ کی عمر 65 سال یا اس سے زیادہ ہو اور آپ OAS وصول کر رہی ہوں۔
- آپ کی سالانہ آمدنی ایک مخصوص حد سے کم ہو (ایک غیر شادی شدہ فرد کے لیے تقریباً 22,000$)۔

### درخواست کا طریقہ کار کیا ہے؟

- اگر آپ اولڈ ایج سیکیورٹی سے رقم حاصل کر رہی ہیں تو بھی اس بات کا امکان موجود ہے کہ آپ کو اس پروگرام کا حصہ بنا لیا جائے۔ اس پروگرام میں پُر کریں۔اگر ISP-3023 درخواست دینے کے لئے فارم
- آپ نے ابھی تک اولڈ ایج سیکیورٹی کے لئے درخواست نہیں دی تو آپ ان دونوں پروگراموں سے مالی معاونت کی درخواست بیک وقت بھی دے سکتی ہیں لیکن اس کےلئے آپ کو فارم ISP-3550 پُر کرنا پڑے گا۔

### کتنی رقم ملے گی:

اس پروگرام سے آپ کو ماہانہ ۱۱۰۰ ڈالر مل سکتے ہیں۔ تاہم اس کا انحصار آپ کی آمدنی اور دوسرے اس بات پر ہے کہ آیا آپ کا شوہر یا پارٹنر آپ کے ساتھ رہائش پذیرہےیا نہیں ؟

**مفید مشورہ**

اس پروگرام سے حاصل شدہ رقم پر کوئی ٹیکس لاگو نہیں ہوتا۔

## سرگرمی


**آپ کون سے پروگرام میں اپلائی کرنا چاہتی ہیں ؟ اس کے لئے کیا تیاری کرنی ہے اور اس ضمن میں آپ کے ذہن میں کیا سوالات ہیں؟ آپ ایک کاغذ قلم لیں اور درج ذیل پر نشان شروع کریں:**

- [ ] غیر ملکی پینشن / OAS / GIS / CPP :مجھے معلوم ہے کہ میں کن پروگراموں کو چیک کر رہی ہوں
- [ ] میں نے اپنی عمر اور اٹھارہ سال کی عمر کے بعدکینیڈا میں بسر کئے گئے سالوں کا بھی اندازہ لگا لیا ہے۔
- [ ] مجھے اپنی امیگریشن کے سٹیٹس کا بھی علم ہے؛ (شہری / مستقل رہائشی / دیگر)
- [ ] کا فرق بخوبی پہچانتی ہوں OAS, GIS اورCPP میں حکومتی معاونت کے پروگراموں جیسے کہ

# بجٹ کے بنیادی اصول

وہ رقم جو آپ اپنی آمدن سے بچا کر رکھتی ہیں وہی ہنگامیِ صورتِ حال میں کام آتی ہے اور آپ کو دوسروں کے دستِ نگر ہونے سےبچاتی ہے۔

**بجٹ ایک مخصوص مدت کے لیے آپ کی آمدنی اور اخراجات کا تخمینہ ہوتا ہے۔ بجٹ بنانے سے آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ آپ کتنی رقم خرچ کر رہی یابچا رہی ہیں۔ آپ روزانہ، ہفتہ وار یا ماہانہ بجٹ بنا سکتی ہیں۔**



**بجٹ بنانا سیکھنا** آپ کو بجٹ بنانے سے ہی درست اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کی رقم کہاں جا رہی ہے؟ اور کیا یہ رقم آپ کی ضروریات پوری کرنے کے لئے کافی ہے؟ یہ مالی خود مختاری کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ بجٹ بنانے کا سب سے اہم فائدہ تو یہ ہے کہ آپ مقروض ہونے سے بچ جاتے ہیں لیکن اگر کسی صورت میں ایسا ہو بھی جائے تو آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ اس کی ادائیگی کس طرح ممکن ہو گی۔

**بجٹ کی کچھ اہم اصطلاحات کی وضاحت درج ذیل ہے جو آپ بجٹ ٹریکر میں دیکھ سکتی ہیں:**

| Word | Meaning |
|---|---|
| بجٹ | کسی مخصوص مدت کے لیے آپ کی آمدن اور اخراجات کے تخمینے کو بجٹ کہتے ہیں۔ لفظ "بجٹ" کا ایک مطلب پیسوں کی وہ زیادہ سے زیادہ حد بھی ہے جو آپ کسی خاص چیز ، موقع یا کسی مخصوص مدت میں خرچ کرنے کو تیار ہوں۔ |
| ماہانہ/ہفتہ وار/روزانہ کا بجٹ | اپنے خرچ کا بہتر حساب رکھنے کے لئے آپ ماہانہ ، ہفتہ وار یا روزانہ کا بجٹ طے کر سکتی ہیں ۔ |
| ضروریات | آپ کی بقا کے لئے لازمی اشیاء ضروریات کہلاتی ہیں ؛اس کی کچھ مثالیں رہائش، یوٹیلیٹی بلز (بجلی، پانی، گیس)، روزمرّہ سوداسلف اور صحت سے متعلق خرچے ہیں۔ |
| خواہشات | جبکہ خواہشات وہ چیزیں ہیں جو بقا کے لیے تو لازم نہیں لیکن آپ کے معیارِ زندگی کو بہتر بنا سکتی ہیں؛ اس مثال میں نئے کپڑے اور دوسروں کے لئے تحائف کی خریداری وغیرہ شامل ہیں۔ |
| بچت | بچت ( آپ کی بچت آپ کی رقم کا وہ حصہ ہے جو آپ نے مستقبل کے استعمال کے لیے الگ رکھا ہوتا ہے۔ آپ اپنی بچت کا کچھ حصہ ہنگامی حالات کے دوران استعمال کر سکتی ہیں، یا قرضوں کی ادائیگی کے لیے، جیسے کہ آپ کے مکان کی قسط |
| فرق | فرق آمدنی کا وہ حصہ ہے جو آپ کے تمام اخراجات کے بعد بچتا ہے۔ |

# بجٹ پلانر

اپنے اخراجات اور بچت کی عادات پر نظر رکھنے کا ایک مفید طریقہ بجٹ ٹریکر کا استعمال کرنا ہے۔

ابتدا میں بجٹ بنانے کے عمل میں سو فیصد درستگی ممکن نہیں ہوتی لہٰذا اِس سلسلے میں زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں اور ابتدا میں کچھ کام اندازوں پر بھی چلانا پڑے تو کوئی حرج نہیں ہے لیکن بعد میں جتنا درست بجٹ بنایا جا سکے تو اتنا ہی بہتر ہو گا۔

## 01 پہلا قدم : آمدن کا اندراج

ماہانہ آمدن

| | |
|---|---|
| OAS | |
| GIS | |
| CPP | |
| Work income | |
| Spouse/Family support | |
| Other | |
| **Total (A)** | $ |

## 02 دوسرا مرحلہ: اپنی ضروریات (essentials) کو ریکارڈ کریں

ماہانہ اخراجات

| | |
|---|---|
| Rent | |
| Internet/Home phone | |
| Repayments (loans, credit, etc) | |
| Other | |

| | |
|---|---|
| **Total (B)** | $ |

## 03 تیسرا قدم:اپنی روزمرّہ ضروریات کا اندازہ لگائیں

ماہانہ اخراجات

| | |
|---|---|
| Groceries | |
| TTC/Transit pass | |
| Leisure/Entertainment/Hobbies | |
| Clothing/Footwear | |
| **Total (C)** | $ |

اس حصے میں جتنی تفصیل ہو سکے لکھیں اور ہر چیز کا اندراج کریں۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں لوگ اکثر اپنے اخراجات کا اندازہ حقیقت سے کم لگاتے ہیں۔

مفید مشورہ (Tip): اپنے اخراجات پر نظر رکھنے کے لیے حکومتِ کینیڈا کا بجٹ پلانر ٹول استعمال کریں۔

چیک کرنے کے لیے: یہاں کلک کریں

اپنے ساتھ مکمل طور پر ایماندار رہیں۔ چاہے یہ کتنا ہی مشکل کیوں نہ ہو۔

04

## چوتھا قدم: دیگرادائیگیاں

اکثر اوقات ادائیگیاں ہر مہینے واجب الادا نہیں ہوتیں لہذا بہتر ہو گا کہ ان کا ریکارڈ انہی مہینوں میں رکھا جائے جہاں یہ ادائیگی ہونی ہے نیز کسی سالگرہ، تقریبات، تعطیلات اور ہنگامی فنڈز کو بھی اسی میں شامل کر لیا جائے۔

| ماہانہ اخراجات | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| TOTAL (D) | $ |

اب آپ اپنے اخراجات کا جائزہ لے سکتی ہیں اور دیکھ سکتی ہیں کہ آیا آپ کا حساب کتاب درست ہے یا حیران کن۔

05

آپ کو جتنا بہتر اندازہ اپنی آمدن کا ہو گا؛ آپ مالی معاملات کی منصوبہ بندی اتنے ہی بہتر انداز سے کر سکیں گی۔

## پانچواں قدم:خلاصہ

| | |
|---|---|
| ٹوٹل آمدن=A | $ |
| ٹوٹل(B+C+D)=E اخراجات | $ |
| بیلنس(A)-(E) | $ |

اس مشکل عمل کو مکمل کرنے کے بعد ایک مرتبہ دوبارہ اپنا بجٹ دیکھیں آیا کوئی رقم بچ رہی ہے؟ کیا یہ اخراجات آپ کی ترجیحات کے مطابق ہیں؟ اگر نہیں؛ تو نسبتاً غیراہم اخراجات میں کمی یا تبدیلی لانے پر غور کریں اور اگر کچھ رقم اضافی بچ رہی ہے تو غور کریں کہ اسے کس طرح اپنی ضرورتوں کے لئے بہترطور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**بجٹ بنا کر اپنے مالی معاملات کو دیکھنا خود آپ کے لئے مددگار ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ یہ خود مختاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اوریہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ آپ کا پیسہ کہاں جاتا ہے اور کیا آپ کے پاس اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی پیسےہیں۔**

**بجٹ آپ کو مقروض ہونے سے بھی بچاتا ہے اور بعض اوقات تو قرضہ اتارنے میں بھی مدد کر سکتا ہے۔**

# محفوظ بینکاری



اس حصے میں آپ یہ سیکھیں گی کہ کینیڈا میں بینکاری کیسے ہوتی ہے اوراپنی رقم کو کیسے محفوظ رکھاجا سکتا ہے تاکہ نہ صرف آپ خود مختار بن سکیں بلکہ آئندہ اپنی حیثیت کو برقرار رکھ سکیں۔

## بینک اکاؤنٹ کھولنا

کینیڈا میں ہر فرد بینک اکاؤنٹ کھول سکتا ہے حتٰی کہ اگر آپ کینیڈا کے شہر ی بھی نہیں اورکوئی جاب بھی نہیں کرتیں۔

- بینک اکاؤنٹ کھولنے کے لیے، آپ کو شناختی دستاویز لانے کی ضرورت ہوگی، جیسے کہ آپ کا پاسپورٹ، مستقل رہائشی کارڈ ، یا ڈرائیونگ لائسنس۔
- بینک ملازم آپ سے آپ کا پتہ اور فون نمبر پوچھے گا۔ آپ کو اس بات کا ثبوت دینا ہوگا کہ آپ اونٹاریو میں رہتے ہیں۔ اونٹاریو کے پتے پر کسی حکومت یا ادارے کی طرف سے بھیجی گئی ڈاک، جیسے کہ یوٹیلیٹی بل یا کینیڈا ریونیو ایجنسی کا خط، رہائش کے ثبوت کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

### آپ دو قسم کے اکاؤنٹ کھول سکتی ہیں

- چیکنگ اکاؤنٹ: روزمرہ کے استعمال کے لیے (جیسے بلوں کی ادائیگی اور ڈیبٹ کارڈ کا استعمال)۔
- سیونگ اکاؤنٹ: پیسوں کو محفوظ رکھنے (سیونگ) ، منافع یا سود کمانے کے لیے (جتنے عرصے کے لئے سیونگز کو بینک میں رکھیں گی؛ بینک اس کے بدلےمنافع یا سود ادا کرے گا)۔

**آپ کینیڈا میں بینک اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں، چاہے آپ کینیڈا میں نئے ہوں، آپ کے پاس ملازمت نہ ہو، یا آپ کینیڈا کے شہری نہ ہوں۔ بینک آپ سے شناختی دستاویز مانگیں گے اور آپ کا پتہ اور فون نمبر بھی پوچھ سکتے ہیں۔**




## ڈیبٹ کارڈ کیا ہے؟

چیکنگ اکاؤنٹ‘ ( اور بعض اوقات سیونگ اکاؤنٹ) کھولنے پر بینک آپ کو ایک ’ڈیبٹ کارڈ ‘ دیتا ہے۔ جس کے ذریعے آپ اپنے اکاؤنٹ میں موجود رقم استعمال کر سکتی ہیں۔ آپ اس کارڈ کو دوکانوں یا آن لائن خریداری کے لئے استعمال کر سکتی ہیں ۔ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے آپ بینک کی اے ٹی ایم مشین سےکیش بھی نکال سکتی ہیں۔

- آپ اپنا ڈیبٹ کارڈ اسٹورز میں یا آن لائن چیزیں خریدنے کے لیے استعمال کر سکتی ہیں۔ آپ مشین پر اپنا ڈیبٹ کارڈ استعمال کر کے اپنے بینک اکاؤنٹ سے (ATM) بینک کی اے ٹی ایم نقدی (کیش) بھی نکال سکتی ہیں۔
- آپ کو اپنے ڈیبٹ کارڈ کے ساتھ ایک پن (PIN) نمبر دیا جائے گا۔ یہ عموماً چار ہندسوں کا نمبر ہوتا ہے۔ اپنے پِن کو خفیہ رکھیں: اُسے کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔ اپنا پِن نمبر اپنے ڈیبٹ کارڈ پر ہرگز نہ لکھیں۔

اگر آپ کا ڈیبٹ کارڈ گم یا چوری ہو جائے، تو کارڈ منسوخ کرنے اور نیا کارڈ حاصل کرنے کے لیے فوری طور پر اپنے بینک کو کال کریں۔ بینک آپ کے گھر کے پتے پر نیا کارڈ بھیج دے گا۔

## سرگرمی

بینک اکاؤنٹ کھولنے سے قبل بینک سے پوچھے جانے والے سوالات کی ایک فہرست,چیک

**لسٹ تیار کر لیں۔**

کیا اس اکاؤنٹ کی کوئی ماہانہ فیس ہے؟ [ ]
کیا ضرورت پڑنے پر مجھے اپنی مادری زبان میں مدد مل سکتی ہے؟ [ ]
اس بینک اکاؤنٹ کھولنے کے کیا فوائد ہیں؟ [ ]
کیا یہ بینک بزرگوں کے لیے کوئی خصوصی سہولیات پیش کرتا ہے؟ [ ]

x

# ڈیجیٹل بینکاری

آپ اپنا بینک اکاؤنٹ چیک کرنے کے لیے اپنا فون، ٹیبلیٹ، یا کمپیوٹر استعمال کر سکتی ہیں۔
آپ یہ کر سکتی ہیں:

- اپنا بیلنس دیکھیں، پیسے
- بھیجیں یا وصول کریں،
- بل ادا کریں

- ہمیشہ مضبوط پاس ورڈ استعمال کریں اور انہیں کبھی کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔
- پبلک وائی فائی (جیسے مالز یا کیفے) پر اپنے بینک اکاؤنٹ میں لاگ ان نہ کریں۔
- بینک کبھی بھی فون، ٹیکسٹ میسج، یا ای میل کے ذریعے آپ کا پاس ورڈ نہیں مانگیں گے۔
- اگر آپ اپنے بینک کی ایپ استعمال کرنا چاہتی ہیں، تو آپ اپنے خاندان کے افراد یا بینک کے عملے سے اسے محفوظ طریقے سے استعمال کرنے کا طریقہ سیکھ سکتی ہیں۔

## اے ٹی ایم کی حفاظت



پرسنل شناختی نمبر یعنی پِن ٹائپ کرتے وقت اے ٹی ایم مشین کے بٹنوں

کو اپنے ہاتھ سے چھپا لیں یا ڈھانپ لیں۔

اگر کوئی اجنبی آپ کی مدد کرنا بھی چاہے تو ہر گز مدد کی آفر قبول نہ کریں ۔

گر اے ٹی ایم مشین خراب یا ٹوٹی ہو تو استعمال نہ کریں۔

اے ٹی ایم مشین پر اپنا کام ختم کرنے کے بعد، اپنا کارڈ اور رقم (اگر کیش نکال رہی ہیں) فوراً واپس لے لیں۔

بینک اکاؤنٹ کا بیلنس چیک کر نے تک اپنی اے ٹی ایم رسید سنبھال کر رکھیں ۔

# مالی استحصال کی پہچان

## مالی استحصال کیا ہے؟

جب کوئی شخص آپ کی رقم، جائیداد یا اثاثوں کو اس طرح استعمال کرے یا کنٹرول کرے جس سے آپ کے بجائے اسے فائدہ ہو، تو اسے مالی استحصال سمجھا جاتا ہے۔ یہ اخلاقی طور پر درست نہیں ہے اور یہ قانون کے خلاف بھی ہو سکتا ہے۔

آپ کو مرضی کے بغیر وصیت تبدیل کرنے پر مجبور کرنا،
آپ کی اجازت کے بغیر پنشن کا چیک وصول کرنا،
یا مشترکہ بینک اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے دباؤ ڈالنا۔

**کینیڈا میں، مالی استحصال وہ سب سے عام طریقہ ہے جس کے ذریعے بزرگوں کے ساتھ زیادتی کی جاتی ہے۔**

### کیا غیر مناسب ہے:

- کوئی آپ پر دباؤ ڈالتا ہے کہ آپ ایک دستاویز پر دستخط کریں جسے آپ مکمل طور پر نہیں سمجھتے (مثال کے طور پر، ایک نیا وصیت نامہ یا وکالت نامہ)۔
- آپ پر دباؤ ڈالا جاتا ہے یا آپ کو احساس جرم دلایا جاتا ہے کہ آپ کسی کو اپنا پیسہ یا جائداد دیں۔
- کوئی آپ کی اجازت کے بغیر آپ کا ڈیبٹ کارڈ استعمال کرتا ہے تاکہ پیسہ نکال سکے، آپ کی جائداد منتقل کرے، یا آپ پر دباؤ ڈالے کہ آپ اپنا گھر چھوڑ دیں۔
- کوئی جس پر آپ بھروسہ کرتے ہیں، آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے پیسے یا بینکنگ پر قابو پانا شروع کر دیتا ہے۔

### کیا ٹھیک ہے:

- آپ اپنی مرضی سےکسی قابلِ اعتماد شخص ( گھر کے فرد یا دوست )کو مدد کے لئے منتخب کریں؛ جوآپ کی اجازت سے بلز کی ادائیگی اور بینک کے معاملات دیکھے۔
- آپ کسی کو رقم یا جائیداد کا تحفہ دینے کا فیصلہ اس لیے کرتی ہیں کیونکہ آپ واقعی خلوصِ دل سے ایسا کرنا چاہتی ہیں۔
- آپ پوری طرح سمجھتے ہیں کہ آپ کیا دستخط کر رہے ہیں، اور آپ اسے بخوشی دستخط کر رہے ہیں۔



# بینک کے معاملات میں خطرے کے نشان

خاندان یا دوستوں کے حلقے میں ایسے واقعات سامنے آ
سکتے ہیں، جن پر آپ کو خبردار ہونے کی ضرورت ہے:

01 ۔ آپ کے بینک اکاؤنٹ سے بغیر وضاحت کے رقم
نکلنا یا یا کسی اور اکاؤنٹ میں منتقل ہونا۔

02 آپ کے زیورات یا جائیداد کے کاغذات غائب ہو جائیں
اور آپ کو علم نہ ہو کہ ان کے ساتھ کیا ہوا ہے۔

03 ۔ آپ کو بینک سٹیٹمنٹ دیکھنے سے منع کرنا یا یہ
کہنا کہ آپ سٹیٹمنٹ نہیں دیکھ سکتے۔

04 آپ سے کہا جا رہا ہے کہ آپ مشترکہ بینک اکاؤنٹ
کھولیں یا جائیداد پر دستخط کریں جب آپ ایسا
نہیں کرنا چاہتے۔

05 آپ سے کہا گیا ہے کہ آپ اپنے بینک کے
بیانات نہیں دیکھ سکتے۔

## آپ کے حقوق

01 آپ کی رقم، گھر اور سامان آپ کی ملکیت ہے؛ کوئی بھی شخص آپ کی رضامندی کے
بغیر انہیں لینے کا حق نہیں رکھتا۔

02 اگر دستخط کے لئے پیش کی جانے والی دستاویز واضح نہیں ہے تو آپ کو یہ حق
حاصل ہے کہ ان دستاویزات کی وضاحت آپ کی مادری زبان میں کی جائے۔

03 ۔ اگر آپ کسی فیصلے سے بے چینی یا دباؤ محسوس کرتی ہیں تو آپ کو انکارکا حق
حاصل ہے۔

04 ۔ اگر ضرورت پڑے تو آپ بینک، قانونی ماہرین کی خدمات یا پولیس سے مدد لینے کا
حق رکھتی ہیں۔

# بچت، اکاؤنٹ سے رقم نکالنا یا قرض لینا اور ہنگامی حالات

## گائیڈ بک کا یہ حصہ کیوں اہم ہے؟

ہم میں سے اکثر لوگ اپنی رقم خرچ کرنےکے بارے بہت محتاط ہوتے ہیں لیکن پھر بھی ایسا لگتا ہے کہ ہمارے پاس کافی رقم موجودنہیں ہے، خاص طور پر جب روزمّرہ کا سودا سلف اور دیگر اشیا ء ضروری خریدنا آئے دن مہنگا ہوتا چلا جا رہا ہے۔ ایسے میں اگر ہم اپنے خاندان والوں کی مدد کرنا بھی چاہیں تو خود ہمیں غیر متوقع طور پرعلاج معالجے کی ضرورت پیش آ جاتی ہے۔ یہ حصہ بچت،اکاؤنٹ سے رقم نکالنا یا قرض کی ادائیگی اور ہنگامی حالات کو سنبھالنے کےبارے میں معاون ثابت ہو گا۔

## قرض کیا ہے؟

اگر آپ نے رقم ادھار لی ہے اور اسے واپس کرنے کی ضرورت ہے، تو آپ پر قرض ہے۔

کینیڈا میں قرض کی کچھ عام مثالیں درج ذیل ہیں:


- کریڈٹ کارڈ کا قرض
- بینک سے قرض کی لائن
- قرض (گاڑی کا قرض، ذاتی قرض)
- پیسے جو خاندان کے افراد یا دوستوں سے ادھار لیے جائیں
- پے ڈے قرضے (یہ بہت مہنگے ہو سکتے ہیں)

اہم: قرض کا مطلب یہ نہیں کہ آپ ناکام ہو گئے ہیں۔ بہت سے لوگوں پر قرض ہوتا ہے، اور اس میں شرمندگی کی کوئی بات نہیں ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ اسے واپس کرنے کا منصوبہ ہونا۔

**قرض = 'پیسہ کرایہ پر لینا' جب آپ پیسہ ادھار لیتے ہیں، تو آپ بنیادی طور پر اسے کسی سے کرایہ پر لے رہے ہوتے ہیں (بینک، کسی کمپنی، یا کسی شخص سے)۔ وہ 'کرایہ' سود کہلاتا ہے۔**

## آپ کے پاس موجود زیادہ تر قرض کی اقسام کے چار حصے:

1. ۔ وہ رقم جو آپ نے ادھار لی
2. ۔ سود (وہ رقم جو آپ قرض لینے کے لیے ادا کرتے ہیں)
3. ۔ تاخیر کی صورت میں فیس
4. اگر آپ بروقت قرض کی ماہانہ رقم ادا نہیں کرتیں یا عدم ادائیگی کی صورت میں کم از کم سود کی رقم ادا نہیں کرتیں تو اس صوررت میں فیس ادا کرنی پڑتی ہے۔



# قرض کی دو اہم اقسام

قرض کی بروقت ادائیگی اہم ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے، تو اس سے آپ کے کریڈٹ سکور پر اثر پڑ سکتا ہے؛ یہ وہ سکور ہے جسے ادارے یہ فیصلہ کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں کہ آیا آپ کو مستقبل میں قرض دیا جائے یا نہیں۔

## قسطوں والا قرض

مثالیں: گاڑی کا قرض، ذاتی قرض

- آپ ہر ماہ ایک مقررہ رقم ادا کرتے ہیں (رقم اور ادائیگی کی تاریخیں پہلے سے طے شدہ ہوتی ہیں)۔ اس کی ایک آخری
- تاریخ ہوتی ہے (جیسے تین سال، پانچ سال، وغیرہ)، جس وقت تک آپ قرض کی مکمل ادائیگی کر چکے ہوں گے۔

**ہر ادائیگی میں شامل ہے:**

-
    - سود + قرض کا ایک حصہ۔

- اگر آپ وقت پر ادائیگی کرتے رہیں، تو قرض بالآخر ختم ہو جائے گا۔

## گردشی قرضہ

**اس قرض کی ادائیگی کی کوئی مقررہ آخری تاریخ نہیں ہوتی، لیکن آپ کو ہر ماہ ایک کم سے کم ادائیگی لازمی کرنی ہوتی ہے۔**

مثالیں: کریڈٹ کارڈز، لائن آف کریڈٹ

- آپ بار بار ادھار لے سکتی ہیں۔ اس
- کی کوئی مقررہ آخری تاریخ نہیں
- ہوتی۔ اگر آپ ہر بار صرف سود کی کم از کم رقم ہی ادا کرتی ہیں، تو یہ قرض طویل عرصے تک چل سکتا ہے۔ کریڈٹ کارڈز پر سود کی شرح عام
- طور پر قرض کی دیگر اقسام کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے۔



**اہم یاد دہانی: کسی کی ضمانت دینا اور مدد کرنا اگر آپ کسی بچے/رشتہ دار کے لیے ضمانت دیتے ہیں، یا کسی کی مدد کے لیے اپنا نام لے کر قرض لیتے ہیں، تو یہ قرض ابھی بھی آپ کی قانونی ذمہ داری ہے۔ حتی کہ اگر وہ ادائیگی کا وعدہ کریں:**

- اگر وہ ادائیگیاں مس کر دیں، تو آپ کو ادا کرنا ہوگا۔ آپ کے کریڈٹ
- اسکور پر اثر پڑ سکتا ہے۔ آپ پورے رقم کے ذمہ دار ہو سکتے ہیں۔
-




## بچت اور سرمایہ کاری

بچت یا جمع پونجی وہ رقم ہے جو آپ اپنے مستقبل کے لیے الگ کر کے رکھتی ہیں۔ آپ ہر ماہ اپنی کچھ بچت ماہانہ سودا سلف یا بلوں کے لیے استعمال کر سکتی ہیں اور کچھ مستقبل کے لیے الگ رکھ سکتی ہیں۔

جب بچت عادت بن جائے تو بچائی جانے والی تھوڑی رقم بھی اہم ہوتی ہے۔اس کا بہترین حل یہ ہے کہ اپنے لئے آسانی پیدا کریں ۔

ایک کاآمد مشورہ یہ ہے کہ آپ پاس چیکنگ اور سیونگ دونوں اکاؤنٹس رکھیں ۔

- چیکنگ اکاؤنٹ = روزمرّہ اخراجات کے لئے
- سیونگ اکاأنٹ = مستقبل کے لیے محفوظ کی جانے والی رقم کے لئے ۔

## آپ کینیڈا میں اپنی بچت کہاں رکھ سکتے ہیں؟

**کینیڈا میں کچھ محفوظ، عام آپشنز موجود ہیں۔ ہر ایک کسی نہ کسی وجہ سے مفید ہے۔**

**سیونگز اکاؤنٹ (آپ کے بینک میں**

یہ سب سے سادہ ترین آپشن ہے۔ یہ ایسی رقم کے لیے ایک علیحدہ جگہ ہے جس کی آپ کو اپنی روزانہ، ہفتہ وار یا ماہانہ ضروریات کے لیے فوری ضرورت نہیں ہوتی۔

بہترین ہے:

- یہ ہنگامی رقم، قلیل مدتی یا طویل مدتی بچت اور "آڑے وقت" کے غیر متوقع حالات کے لیے بہترین ہے۔

**ٹی ایف ایس اے (ٹیکس فری سیونگز اکاؤنٹ) نام کچھ الجھا ہوا لگتا ہے، لیکن اس قسم کا اکاؤنٹ سادہ ہے: ٹی ایف ایس اے ایک بچت کا طریقہ ہے جہاں آپ کے اکاؤنٹ میں جو سود حاصل ہوتا ہے اسے ویسے ٹیکس نہیں دیا جاتا جیسے عام اکاؤنٹ میں ہو سکتا ہے۔ ٹی ایف ایس اے کوئی الگ بینک نہیں ہے؛ یہ ایک اکاؤنٹ ہے جسے آپ زیادہ تر بینکوں اور کریڈٹ یونینز میں کھول سکتے ہیں۔**

**جی آئی سی (ضمانت شدہ سرمایہ کاری سرٹیفکیٹ)**

بنیادی طور پر تب ہوتا ہے جب آپ بینک کو بتاتے ہیں: "میں یہ رقم ایک (GIC) ایک جی آئی سی مقررہ وقت کے لیے آپ کے پاس رکھ سکتا ہوں۔" اس مقررہ وقت کو "مدت کہا جاتا ہے۔ اس کے بدلے میں، وہ عام طور پر آپ کو عام بچت اکاؤنٹ کے مقابلے میں بہتر شرحِ سود دیتے ہیں۔

**کریڈٹ یونینز کریڈٹ یونینز بینکوں کی طرح ہیں، لیکن یہ کمیونٹی پر مبنی تنظیمیں ہیں جو اپنے اراکین کی ملکیت میں ہوتی ہیں۔ اس کے برعکس، بینک بڑی، قومی سطح کی کمپنیز ہیں۔ کریڈٹ یونینز کم فیس اور زیادہ ذاتی خدمت فراہم کرتی ہیں، خاص طور پر بزرگوں کے لیے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے بینک کی فیسیں مہنگی ہو سکتی ہیں، تو آپ کریڈٹ یونین پر غور کرنے کا سوچ سکتے ہیں۔**

# پیشگی منصوبہ بندی

یشگی منصوبہ بندی کا سادہ ترین مطلب یہ ہے کہ اپنی مالی خواہشات کو واضح کر لیں تاکہ بڑھتی عمر کے ساتھ آپ اور آپ کےخاندان کے افراد پر اخراجات کا دباؤ کم سے کم ہو۔

عمر بڑھنے کے ساتھ کیا تبدیلی آ سکتی ہے؟
بعض اوقات عمر بڑھنے کے ساتھ کاغذی کارروائی، ملاقاتیں یا بینکاری کرنا مشکل ہو جاتاہے۔ مالی معاملات میں پیشگی منصوبہ بندی آپ کے کنٹرول کی ضامن اور مدد گا ر ثابت ہوتی ہےخواہ مستقبل میں اس کے لئے تھوڑی بہت مدد کی ضرورت ہی کیوں نہ پڑے۔



## پاور آف اٹارنی کیا ہے؟ POA۔

کینیڈا میں ایک قانونی دستاویز ہے جس میں آپ کسی ایسے (POA) پاور آف اٹارنی شخص کا انتخاب کرتی ہیں جس پر آپ بھروسہ کرتی ہوں تاکہ ضرورت پڑنے پر وہ فیصلے کرنے میں آپ کی مدد کر سکے۔

**عموماً اس کی دو اقسام ہوتی ہیں:**

پیسہ اور جائیداد (بینکنگ، بلز، اور دیگر مالی معاملات کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے)

ذاتی نگہداشت (صحت اور دیگر ذاتی معاملات کے بارے میں فیصلے کرنے کے لیے)

**یہ ایک اچھا خیال ہے کہ پاور آف اٹارنیز قائم کیے جائیں تاکہ آپ یہ فیصلہ کر سکیں کہ اگر آپ خود فیصلہ کرنے کے قابل نہ رہیں تو کون آپ کی جانب سے فیصلے کرے گا۔**

- یہ اہم ہے، البتہ، کہ آپ دستخط کرنے سے پہلے یہ سمجھیں کہ آپ کی پاور آف اٹارنی میں کیا لکھا ہے۔
  - • کی تمام تفصیلات کی احتیاط سے POA آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ وضاحت طلب کریں۔
  - • اگر آپ دباؤ محسوس کریں تو آپ کو "نہ" کہنے کا بھی حق حاصل ہے۔ اگر کوئی بات جلد بازی یا الجھن والی محسوس ہو، تو رک جائیں اور کسی لیگل کلین(ایا سیٹلمنٹ ایجنسی سے POA کی وضاحت کروائیں۔

IWIN IMMIGRANT WOMEN'S INFORMATION NETWORK



## مالی تعاون

اس ٹول کٹ کی تیاری اور اشاعت حکومت کینیڈا کے نیو ہورائزنز فار سینئرز پروگرام کی فنڈنگ سے ممکن ہوئی۔
اس میں بیان کردہ خیالات ضروری نہیں کہ فنڈ دینے والے کے خیالات کی نمائندگی کریں۔

Funded by:

Canada

New Horizons for Seniors Program

## اعلامیہ

تنظیم نے اس گائیڈ بُک کی اشاعت کے وقت تک کی درست اور تازہ ترین معلومات فراہم کرنےکی بہترین کوشش کی ہے۔
تاہم اِن معلومات کو مالی یا قانونی مشورہ ہرگز نہ سمجھا جائے۔
اپنے مالی معاملات سے متعلق  تمام فیصلے آپ کی اپنی صوابدید پر منحصر ہیں اور اُن کی ذمہ داری خودآپ پر عائد ہوتی ہے

## CONTACT US!

info@iwinca.ca

www.iwinca.ca

Contact us to join our membership!

# Glossary

| اصطلاحات | معنی |
|---|---|
| بجٹ | ایک مقررہ مدت کے لیے آپ کی آمدنی اور اخراجات کا تخمینہ۔<br><br>لفظ "بجٹ" کا مطلب رقم کی وہ زیادہ سے زیادہ حد بھی ہو سکتی ہے جو آپ کسی خاص چیز پر یا ایک خاص مدت کے دوران خرچ کرنے کے لیے تیار ہوں۔ |
| ضروریات | آپ کی ضروریات وہ چیزیں ہیں جو لازمی ہیں۔ |
| ضرورتیں | آپ کی ضروریات وہ چیزیں ہیں جو بقا کے لیے لازمی ہیں۔ مثال: رہائش، یوٹیلیٹی کے بل، کریانہ، صحت کی دیکھ بھال، وغیرہ۔ |
| خواہشات | آپ کی خواہشات بقا کے لیے ضروری نہیں ہیں لیکن آپ کی زندگی کے معیار کو بہتر بناتی ہیں۔ مثال: نئے کپڑے، دوسروں کے لیے تحائف، سفر۔ |
| بچت | آپ کے پیسے کا وہ حصہ جسے آپ الگ رکھ سکتے ہیں اور ہنگامی حالات، قرض چکانے/ مورگیج، وغیرہ کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ |
| خرچ کی گئی رقم | یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ آپ نے جو بجٹ مقرر کیا تھا اس کے تحت یا اس سے زیادہ کتنی رقم خرچ کی۔ |
| فرق | یہ آپ کے پیسے کا وہ حصہ ہے جو آپ نے خرچ نہیں کیا۔ |
| چیکنگ اکاؤنٹ | روزانہ کے استعمال، بل ادا کرنے، یا خریداری کے لیے۔ |
| سیونگز اکاؤنٹ | پیسہ محفوظ رکھنے کے لیے۔ |
| فیس | وہ رقم جو آپ بینک کو اکاؤنٹ استعمال کرنے کے لیے ادا کرتے ہیں۔ |
| اے ٹی ایم۔ | ایک مشین پیسہ نکالنے یا ڈالنے کے لیے۔ |
| اوورڈرافٹ | اوورڈرافٹ وہ ہے جب آپ اپنے چیکنگ اکاؤنٹ میں موجود پیسے سے زیادہ خرچ کرتے ہیں۔ اس سے چارجز لگ سکتے ہیں۔ |
| انٹریک ای-ٹرانسفر | ایک آن لائن بینکنگ خصوصیت جو آپ کو کسی کو کینیڈا میں ای میل کے ذریعے پیسے بھیجنے کی اجازت دیتی ہے۔ |

# اصطلاحات اور اُن کے معنی

| | |
|---|---|
| ڈائریکٹ ڈپازٹ | براہ راست اکاؤنٹ میں فنڈز جمع کرانے کا ایک محفوظ الیکٹرانک طریقہ۔ |
| ڈپازٹ | اپنے اکاؤنٹ میں پیسے جمع کرانا |
| وِدڈرال: | اپنے اکاؤنٹ سے پیسے نکالنا۔ |
| برانچ: | آپ کے بینک کی عمارت |
| مالی استحصال: | جب کوئی آپ کے پیسے، جائیداد یا اثاثوں کو اس طرح استعمال یا کنٹرول کرے جس سے آپ کی بجائے اُن کا فائدہ ہو۔ |
| قرض: | اُدھار لیے گئے پیسے جو آپ کو واپس ادا کرنے ہیں۔ |
| سود یا انٹرسٹ | وہ رقم جو آپ قرض لینے پر ادا کرتے ہیں، اس کے علاوہ جو آپ نے قرض لیا ہے۔ |
| کریڈٹ سکور | ایک نمبر جو قرض دینے والوں (lenders) کو یہ بتاتا ہے کہ ماضی میں آپ کے ادھار لینے اور ادائیگی کی تاریخ کی بنیاد پر آپ کے لیے رقم واپس کرنے کا کتنا امکان ہے۔ |
| قسطی قرض | ایک طے شدہ مقررہ رقم جو ہر ماہ واپس کی جاتی ہے اور جس کی ایک آخری تاریخ ہوتی ہے۔ |
| گردشی قرض | اس کی کوئی مقررہ رقم یا آخری تاریخ نہیں ہوتی، لیکن آپ کو واجب الادا کم از کم سود کی ادائیگی کرنا ہوگی۔ |
| سرمایہ کاری | جب آپ کچھ اس امید میں خریدتے ہیں کہ اس کی قیمت میں اضافہ ہوگا۔ مثال کے طور پر: کمپنی کے حصص ، فنڈز، سونا، جائیداد وغیرہ۔ |
| ٹیکس فری سیونگز اکاؤنٹ | بچت کا ایک ایسا اکاؤنٹ جس پر عام اکاؤنٹ کی طرح ٹیکس نہیں لگتا۔ یہ ایسی رقم بچانے کے لیے استعمال ہوتا ہے جس تک رسائی (رقم نکالنا) نسبتاً مشکل ہوتی ہے۔ |
| گیارنٹی شدہ آمدنی کا سرٹیفکیٹ (جی آئی سی) | کم خطرے والا بچت کھاتہ جہاں آپ بینک کو ایک مقررہ مدت کے لیے پیسے ادھار دیتے ہیں اور اس پر سود کماتے ہیں۔ |
| کریڈٹ یونینز | کمیونٹی پر مبنی بینک جن کی فیس کم ہو۔ |
| مختار نامہ (POA) | پاور آف اٹارنی کینیڈا میں ایک قانونی دستاویز ہے جس میں آپ کسی ایسے شخص کو منتخب کرتے ہیں جس پر آپ بھروسہ کرتے ہیں تاکہ وہ آپ کی مدد کرے اگر آپ کو کبھی کسی فیصلے میں حمایت کی ضرورت ہو۔ |